ارے ماشااللہ بہت پیاری لگ رہو۔ وہ جسے باہر آئی ی تو بانو بیگم نے اس کو دیکھ کر کہا

شکریہ۔ دعا جھنپ کر بولی تب باہر گاڑی کے ہارن کی آواز آئی ی تو وہ بانو بیگم کو خدا حافظ کہتی نکل گ ئی۔

محترمہ آگے والی سیٹ پہ آ ئے۔ عمیر اس کو گاڑی کی بیک سیٹ کا دروازہ کھولتے دیکھا تو کہا۔ تو دعا سر جھکا کر فرنٹ سیٹ پہ بیٹھ گ ئی عمیر ایک نظر اس کو دیکھتا گاڑی اسٹارٹ کرنے لگا اور ساتھ ہی میوزک پلے بھی آن کر دیا۔

Ye nazar bhi ajeeb thii___

www.novelsclubb.com

Iss nay dekhay thai manzar sabhii☆~~

___Dekh kar tujhay ik dafah

Phir kesi ko na dekha kabhi_____

گانے کے بول پہ دعا کی کیفیت اور عجیب ہو گئی وہ تو پہلے ہی نروس تھی اب تو بس راستہ جلدی سے گزرنے کی دعائیں کرنے لگی پہلے سوچا کہ اس سے کہے کہ گانا بند کر دے پھر سوچا نجانے کیا کہے کہ میری گاڑی میری مرضی تو وہ کیا کرے گی۔اس لیے خاموش رہی۔

Mera pahla junnon ________tou merA

Pahla junnon ____ ishq aaakhri hai______tou

Meri zindagi hai_______tou

Gum hai ya khushiii hai tou___

Meri Zindagi hai tou______merii

www.novelsclubb.com

Zindagi hai___tou

عمیر آرام سے گاڑی ڈرائیو کرتا گانا سننے میں مگن تھا پھر جب اس نے اپنے ساتھ بیٹھی دعا کو دیکھا جو کچھ بے چین لگی اس کو شاید گانا اچھا نہیں لگ رہا تھا پہلے خیال آیا کہ بند کر دے پھر سوچا اگر اچھا نہیں لگ رہا اسے تو خود ہی منع کر دے وہ کیوں اپنا مزہ خراب کرے۔

ایسے سوچتے وہ دل پہ پتھر رکھ کر میوزک بند کر دیا جس پہ دعا نے شکر کا سانس لیا۔

تمہیں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ایزی ہو کر بیٹھو اور وہاں بھی کانفڈنٹ کے ساتھ رہنا اور بات کرنا ورنہ مزاق بننے میں دیر نہیں لگتی۔ عمیر نے میوزک بند کرتے اس کو نصیحت کی جو بار بار اپنا ڈوپٹہ ٹھیک کرنے میں لگی ہوئی ی یا چادر ٹھیک کرنے میں۔

ج جی۔ دعا نے بس اتنا کہا۔

لڑکیاں تو بہت بولتی ہیں تم کیوں اتنی کم گو ہو ؟! اگر تمہیں لگتا ہے کہ میں تمہارے اٹک اٹک کے بولنے پہ ہنسو گا یا مزاق اڑاؤ گا تو بلکل بھی نہیں میں ایسا نہیں کروگا۔ عمیر اپنی اتنی بڑی بات کا جواب ایک لفظی سن کر پہلے منہ بنا کر پھر خوشدلی سے کہا۔

www.novelsclubb.com

م میں ک ک کم ن ن نہیں بوب بولت بولتی۔دعا کو نجانے کیوں عمیر سے بات کرنے کی ہمت نہیں ہو رہی تھی وہ اس کو بتانا چاہتی تھی کہ وہ اٹک اٹک کر نہیں بولتی پر کہہ نہیں پائی ی۔

ہاں میں ہی بہرا ہوں پھر۔ عمیر طنزیہ بولا۔پھر یونی پہنچ کر گاڑی کو بریک لگائی ی اور باہر نکلا اس کو نکلتا دیکھ کر دعا بھی گاڑی سے نکل آئی ی۔

آؤ۔ عمیر اس کو اشارہ کرتا ساتھ قدم ملانے لگا۔

گائیز وہ دیکھو عمیر کے ساتھ لڑکی۔ہمیشہ کی طرح انتظار کرتے اس کے دوستوں نے جب کسی لڑکی کے ساتھ دیکھا تو فواد نے بولنے میں پہل کی جس کی بات پہ سب نے ان دونوں کو دیکھا کشف بھی عمیر کے ساتھ قدم ملاتی لڑکی کو عجیب نظروں سے دیکھا۔

کتنے پیارے لگ رہے ہیں دونوں۔عمارہ نے دونوں کو دیکھ کر اشتیاق سے کہا جس پہ تینوں نے اس کو گھورا جواب میں وہ زبان دانتوں تلے دبا گئی۔شاہزین عمیر کو دیکھا جو

www.novelsclubb.com

بلیک شرٹ اور پینٹ پہ بہت خوبصورت لگ رہا تھا اور شرٹ کے اُپر والی بلیک جیکٹ کو اپنے بازوں میں تھامے آرہا تھا اور ساتھ لڑکی کو دیکھ کر اس کو عمارہ کی بات صحیح لگی۔

ہائے گائی یز۔ عمیر نے ان کے پاس آکر بولا۔

یہ کون ہے؟ کشف نے سوال کیا۔

یہ دعا ہے نانو کی رشتہدار کی طرف سے ہے اور یہ اب اس یونی میں پڑھے گی۔ عمیر نے مختصر تعارف کروایا جس پہ سب نے سمجھنے والے انداز میں سر ہلایا اور خوشدلی سے اس کو ویلکم کیا۔

تم سے مل کر اچھا لگا پیاری لڑکی۔ عمارہ نے اپنا چشمہ ٹھیک کرتے اس سے کہا جو عمر میں اس سے چھوٹی تھی۔

www.novelsclubb.com

شکریہ۔ دعا نے ہمت کر کے بنا اٹک کر جواب دیا۔

تم لوگ چلو میں دعا کو اس کے ڈپارٹمنٹ میں چھوڑ کے آتا ہوں۔ عمیر ان سے کہتا دعا کو لے کر چلا گیا شاہزین فواد کشف عمارہ بھی اپنے ڈپارٹمنٹ کی طرف چلے گئے

یہ رہی تمہاری کلاس اور اگر کسی چیز کی مدد کی ضرورت ہو تو مجھ سے مدد مانگنے میرے ڈپارٹمنٹ میں آسکتی ہو۔ عمیر اس کو کلاس کے سامنے چھوڑتا بولا۔

جی شکریہ آپ کا۔ دعا نے کہا جس پہ عمیر کو حیرت ہوئی ی کہ پہلے تو اتنا اٹک کہ بات کر رہی تھی پر وہ اپنا سر جھٹکتا نکل گیا۔

کیسا تھا پہلا دن ؟ بانو بیگم نے اپنے ساتھ رات کا کھانا کھاتی دعا سے سوال کیا۔

اچھا تھا نانو اور ایک دوست بھی ہوئی ی عالیہ اور وہ اتنا بولتی ہے کہ کیا بتاؤں۔ دعا منہ میں نوالا ڈالتی ان کو بتایا۔

چلو یہ تو بہت اچھا ہوا ورنہ ہمیں تو فکر تھی کہ جانے آپ بات کسی سے کریگی بھی کہ نہیں۔ بانو بیگم اس کو دیکھتی محبت سے بولی۔

آپ کے نواسے نے کہا تھا کہ وہاں کانفڈنٹ سے رہنا اور بات بھی کانفڈنٹ سے کرنا وہاں لوگ مزاق بنانے میں دیر نہیں کرتے۔دعا نے ان کی بات پہ عمیر کا کہا بتایا

میرے نواسے کا نام عمیر ہے۔بانو بیگم اس کے عمیر کے ایسے لقب پہ مسکرا کر بولی

ہاں وہی انہوں نے کہا تو مجھ سے جتنا ہو سکا میں نے اتنا خود کو کانفڈنٹ کرنے کی کوشش کی۔دعا نے بتایا

سہی ہے ویسے بھی انسان کو خود مختار ہونا چاہیے تاکہ وہ اپنی زندگی میں ہر مشکل کا ہمت اور حوصلے سے سامنا کرے بجائے رونے اور پریشان ہونے سے پریشانی مسلے کا حل نہیں ہوتا اور نہ ہی رونہ بس یہ کہا کرتے ہیں کہ رونے سے دل ہلکا ہو جاتا۔بانو بیگم نے آرام سے اس کو سمجھایا

www.novelsclubb.com

میں کوشش کروگی۔دعا نے عزم سے کہا

انشااللہ۔بانو بیگم نے مسکرا کر کہا۔

عمیر اپنے کمرے آکر لیٹ کر سو یا ہی تھا جب اس کی دعا کی بات یاد "میں کم نہیں بولتی "اس کے بات کرنے کا انداز یاد کر کے اس کے چہرے پہ مسکراہٹ آگئی پھر وہ آنکھیں بند کرتے نیند کی وادیوں میں چلا گیا۔

کیا اس کو گرمی نہیں لگتی اتنا خود کو چادروں میں ڈھانپ کرر کھا ہے؟ وہ لوگ اس وقت کیفیٹریا میں تھے جب کشف اپنے سامنے والی ٹیبل پہ دعا کی طرف اشارہ کرتے کہا جو عالیہ کی بات سن رہی تھی۔

www.novelsclubb.com

نہیں جن کو عادت ہو ان کو ان چادروں کے بغیر گرمی لگتی ہے۔ فواد نے مزاقاً انداز میں کہا۔ پر عمارہ اپنی کتاب میں مگن تھی اور شاہزین کال سننے کے لیے کچھ دور تھا جب کی عمیر نے اس کی بات پہ اپنی نظریں موبائل سے ہٹا کر دعا کی طرف دیکھا جو بلیک شلوار قمیص

پہنے ڈوپٹہ سر پہ اچھے سے پہن رکھا تھا جب کی کندھوں پہ سکن کلر کی چادر تھی وہ سب سے بہت منفرد اور خوبصورت لگی عمیر کو جو بنا آس پاس دیکھے اپنے آپ میں مگن عالیہ باتوں میں تھی پھر اس نے اپنے پاس بیٹھی کشف کو دیکھا جو بلوٹاپ اور بلو پینٹ میں تھی۔ کھولے بال وہ اپنی حالت سے لاپروہ موبائل میں مگن تھی عمیر کو پہلی دفعہ کشف کی ڈریسنگ بری لگی تھی۔

عمارہ تمہاری کزن کی شادی کب ہے؟ شاہزین واک کرتے کرتے عمارہ سے پوچھا

وہ کینسل ہو گئی۔ عمارہ نے دکھی چہرہ بنائے بتایا

www.novelsclubb.com

اوہ کیوں؟ شاہزین نے پوچھا

بس فیملی پروبلمز کی وجہ سے۔ عمارہ نے کندھے اچکا کر بتایا۔

ٹھیک۔ شاہزین نے سر ہلایا۔

ویسے زین تمہارا کیا ہے سین پڑھائی ی کے بعد؟عمارہ نے سر سری سا پوچھا

ڈیڈ کے ساتھ بزنس کروگا۔شاہزین نے بتایا

اس کے بعد؟عمارہ نے پوچھا

اس کے بعد اپنا خود کا بزنس شروع کروگا۔شاہزین مسکراہٹ ضبط کرتا بولا۔

اور پھر؟عمارہ نے بے چینی سے پوچھا

اور جہاں امی کہے گی وہی شادی کروگا وہ تو ابھی کروانا چاہتی ہیں پر میں نے روک رکھا ہے۔شاہزین اس کو جانچنے کے لیے بولا۔

نائی س میں آتی ہوں ذرہ۔عمارہ کہتی بھاگ کر نکل گ ئی۔جب کی شاہزین کا قہقہقہ نکل گیا۔

www.novelsclubb.com

پاگل۔شاہزین اس کے جانے کے بعد خود سے بولا۔

عمیر آج تم دعا کو اپنے ساتھ باہر لے جاؤ۔ عمیر آج بانو بیگم سے ملنے آیا تھا تو انہوں نے کہا۔

مجھے تو اعتراض نہیں آپ اس سے پوچھ لیں۔ عمیر کہتے ہی دعا کی طرف اشارہ کرتے کہا۔

مجھے کچھ ضروری نوٹس بنانے تھے۔ دعا نے بہانا کیا اب اس کو عمیر کے سامنے زیادہ بولنے میں ہچکچاہٹ نہیں ہوتی تھی اور نہ ہی گھبراہٹ۔

بعد میں کر لینا۔ عمیر نے اس کو مخاطب کر کے کہا۔

میں چادر لے آؤ پھر۔ دعا کہتے ہی اپنے کمرے کی طرف بڑھ گئی عمیر کے چہرے پہ مسکراہٹ آگئی۔

تم ہمیشہ سے ہی ایسے پردہ کرتی ہو؟ گاڑی میں بیٹھتے ہی عمیر نے اس سے پوچھا

www.novelsclubb.com

جی۔ دعا نے جواب دیا۔

کیوں؟ بے ساختہ پوچھا گیا

تاکہ غیر مردوں کی بری نظروں سے بچ سکوں۔ دعا نے نظر جھکا کر بتایا۔

کیا کسی کا دیکھنا اتنا برا ہے؟ عمیر نے دوبارہ پوچھا

کسی کا نہیں بس نامحرم کا دیکھنا برا ہے۔ دعا نے وضاحت دی۔

تو کیا سب کی نظریں بری ہوتی ہیں ایسے بھی تو کوئی ی دیکھتا ہے۔ عمیر کندھے اچکا کر بولا۔

وہ تو اللہ بہتر جانتا ہے بس ہمیں نامحرم مردوں سے پردے کا حکم ہے۔ دعا نے رسانیت سے اپنی بات کی۔

اچھا تو تمہاری خیال کے مطابق لڑکی کو کیسے ہونا چاہ ئی یے۔ عمیر نے دلچسپی سے سوال کیا

لڑکی کو چاند نہیں ہونا چاہ ئی یے۔ جس کو ہر کوئی ی شوق سے چاہت سے محبت سے دیکھتا رہے۔ میرے خیال میں لڑکی کو سورج ہونا چاہ ئی یے۔ جسے کوئی ی بھی عام شخص نہ دیکھ سکے وہ جسے دیکھنے کے لیے خاص قوت درکار ہو وہ جس کی روشنی کی حدت سے آنکھیں چندھیاں لگے وہ جیسے دیکھنے کے لیے آنکھ اٹھائ یں تو ہزار بار جھپکے وہ بولے تو اس کے لہجے کی تپش برداشت نہ ہو وہ جو گرجے تو مضبوط عمارتیں ڈھے جائ یں۔ اسلام کی چادر

www.novelsclubb.com

سے خود کو ڈھانپ کر رکھے ایسا ہونا چاہیے لڑکی کو۔ دعا نے ٹرانس کی کیفیت میں سب بتاتی گ ئی۔ عمیر سانس روکے اس کا ایک ایک لفظ سن رہا تھا اس میں اب مزید ہمت نہ تھی کہ کچھ اور پوچھے۔

میں تو ایسے ہی سمجھا تھا کہ تم کم بولتی ہو۔ عمیر نے کچھ دیر بعد کہا۔ تو اس نے بس مسکرانے پہ اکتفا کیا۔

ہمارے یونیورسٹی میں ان تینوں کا ٹشن ہی کچھ اور ہے۔ عالیہ نے سیڑھیو پہ بیٹھی دعا کہ کے پاس آکر عمیر شاہزین اور فواد کی طرف اشارہ کرتے کہا جو ریس لگا رہے تھے۔

تم امپریس ہوان سے ؟دعا نے پوچھا

میں کیا سب۔ عالیہ نے آنکھیں گھما کر بتایا۔

اوہ۔ دعا نے د سر ہلایا

عمیر اور کشف کا تو کوئی ی جوڑ ہی نہیں۔ عالیہ نے افسوس سے کہا۔

جوڑ کیسا وہ تو بہت اچھے دوست ہیں۔ دعا کو اس کی بات سمجھ نہ آئی ی۔

کیا تمہیں نہیں پتا ایک سال پہلے ہی ان کی منگنی ہوئی ی تھی۔ عالیہ نے بتایا۔

اا چ اچھا مجھ مجھے س سچ م میں ن نہیں ت تھا پ پت پتا۔ دعا کو نجانے کیوں یہ بات جان کر عجیب محسوس ہوا۔

اچھا اب تو پتا چل گیا میں تو یہ کہہ رہی تھی کشف کچھ زیادہ ہی بولڈ قسم کی ہے اور عمیر تو خوبصورتی میں اور ہر لحاظ سے اس سے بہتر ہے۔ عالیہ نے کہا۔

نہیں اگر وہ ساتھ ہیں تو ان کو زیادہ پتا ہو گا نہ ایک دوسرے کے بارے میں کیا پتا عمیر کو کشف اور اس کی بولڈ نس کا نفڈ نس ہی پسند ہو اور اچھے دوست سے زیادہ ہمسفر کوئی ی ہو بھی نہیں سکتا۔ دعا نے اپنا نظریہ بتایا۔

www.novelsclubb.com

دوست ہمیشہ دوست ہی رہتا ہے اگر اس سے شادی ہو تو وہ بس ہمسفر اور زندگی کا ساتھی بن جاتا ہے دوستی کا رشتہ تو کہیں اور جا کر سو جاتا ہے۔ عالیہ نے اس کی بات پہ اختلاف کیا۔

دوستی اتنی کمزور نہیں ہوتی اگر دوست مخلص ہو تو اور ان کا گروپ تو ماشااللہ بہت پیارا ہے یونی میں اکیلے کہیں بھی نہیں جاتے اگر کوئی ی نہ ہو تو باقی اس کا انتظار کر تیں ہیں۔دعا نے کچھ یاد آتے ہوئے بتایا

ہاں یہ تو ہے پر خیر ہر کسی کی اپنی زندگی ہے وہ اپنے لیے اگر فیصلا کر رہا ہے تو کچھ سوچا ہی ہو گا۔عالیہ نے بھی ہاتھ جھاڑ کر کہا۔

اچھا میں لائی بریری سے کچھ کتاب دیکھ کر آتی ہوں۔دعا کہہ کر اٹھ کر چلی گ ئی۔

آج کشف نہیں بتا رہی تھی کہ اس کا کزن آرہا ہے آمریکا سے۔عمارہ نے گراؤنڈ پر ان تینوں کو آکر دیکھا تو بتایا

ہاں میری بات ہوئی ی تھی کل رات۔عمیر اپنا پسینہ صاف کرتا بولا۔

www.novelsclubb.com

میں دعا کو دیکھتے آتا ہوں۔عمیر کہہ کر عالیہ کے پاس جانے لگا دعا کا پوچھنے

ان محترم کو تو اب بس دعا کا دیدار ہی کرنا رہ گیا۔فواد گھاس پہ بیٹھ کر بولا۔

تو تمہیں کیا مسلا ہے اس کے نانو کی قریبی رشتہداروں میں سے ہے تو عمیر کی کزن ہوئی ی اور اس کا خیال رکھنا تو اس پہ فرض ہے۔ عمارہ نے اپنا چشمہ ٹھیک کرتے گھور اس کو کہا۔

جی جی شما چاہتا ہوں آپ سے ہم سے بھول ہو گ ئی۔ فواد اس کے سامنے ہاتھ جوڑ کے بولا۔

اپنی ڈرامے بازی اب بند بھی کرو۔ شاہزین چڑ کر بولا۔ تو وہ خاموش ہو گ ئے۔

کیا میں آپ سے کچھ بات کر سکتا ہوں؟ دعا کوئی ی کتاب پڑھ رہی تھی جب اس کا کلاس فیلو جمیل اس کے پاس آکر بولا۔

جی کہیں۔ دعا نے اجازت تھی۔

www.novelsclubb.com

میں آپ سے بہت ٹائم سے بات کرنا چاہتا تھا پر کبھی موقع نہیں ملا آج ملا تو سوچا آپ سے کہہ دوں۔ اس نے کہتے ہی خاموش ہوا۔

آپ بات کرے میں سن رہی ہوں مجھے پھر باہر جانا ہے۔دعا نے اس کو چپ ہوتا دیکھ کر اپنی بات جاری رکھنے کا کہا۔

میں آپ سے شادی کرنا چاہتا ہوں۔اس نے کہہ کر اس کا ہاتھ پکڑنا چاہا پر عمیر نے اس کا ہاتھ بیچ میں ہی زور سے پکڑا اور باہر آنے کا اشارہ کیا کیوں کی لائبریری میں وہ تماشا نہیں چاہتا تھا جب کی دعا تو اس کی اتنی سی بات پہ ہی کانپ کہ رہ گئی تھی اس نے اس وقت پہ لعنت بھیجی جس پہ اس نے بات کرنے کا کہا

ہاں تو کیا کہہ رہے تھے تم؟ عمیر نے باہر لا کر اس سے پوچھا

میں ان کو پسند

اس کی بات بیچ میں ہی تھی جب عمیر نے اس کو منہ پہ زور سے مکہ دے مارا جمیل کو اپنے دانت ٹوٹتے محسوس ہوئے گراؤنڈ میں سب لوگ ان کی طرف متوجہ ہو گئے دعا عالیہ کے پیچھے کھڑی ہو گئی۔

www.novelsclubb.com

عمیر کیا پروبلم ہے؟ شاہزین اس کے پاس آ کر پوچھنے لگا

یہ کیا حرکت ہے عمیر میں تو عزت سے ان سے شادی کرنا چاہتا ہوں۔ جمیل غصے سے بولا

آج کے بعد تم مجھے دعا کے آس پاس بھی نظر مت آنا ورنہ پھر تم کسی کو نظر نہیں آؤ گے۔ عمیر دوبارہ اس کے چہرے پہ وار کرتا بولا۔

عمیر کنڑول کرو تماشا لگ رہا ہے۔شاہزین اس کو اپنے ساتھ کھینچ کر بولا۔ عمیر اس کو تھکا دے کر دعا کو ہاتھ پکڑتا یونی سے باہر نکلنے لگا جب کی سب سچویشن کو سمجھنے کی کوشش کر رہے تھے۔

گاڑی میں بیٹھو یا میں بیٹھاؤ ؟اس کو ایک جگہ اسٹل دیکھ کر عمیر نے دھاڑ کر کہا۔تو جلدی سے گاڑی میں بیٹھ گ ئی۔

کیوں بات کر رہی تھی اس سے ؟ عمیر نے کچھ آرام سے پوچھا

www.novelsclubb.com

ووہ م مجھ ل لگا ک کہ ش ش شاید ک کو کوئی کوئی ی ض ضروری ب بات ہ ہو۔ دعا نے روتے ہوئے بتایا

سن لی پھر اس کی ضروری بات۔ عمیر طنزیہ بولا

مجھے سچ م میں ن نہیں تھا پتا کہ ایسی کوئی ی بات بھی ہو گی۔ دعا نے اپنی صفائی ی دینی چاہی

آج کے بعد تم مجھے کسی اور لڑکے سے بات کرتے نہ دیکھو۔ عمیر اپنے بالوں میں ہاتھ ڈال کر ضبط سے بولا۔اس کی بات پہ دعا نے بس سر ہلایا کچھ پوچھنے کی ہمت نہ تھی۔

اگر کشف کو تمہارے اس حالِ دل کا پتا لگ گیا تو وہ کتنا ہرٹ ہو گی اس بات اندازہ ہے تمہیں۔ شاہزین عمیر کے اپر برس کے بولا

ایسا نہیں کچھ بس مجھے غصہ آ گیا تھا۔ عمیر نے نظر چُرا کر کہا

میری طرف دیکھ کر بات کرو۔ شاہزین اس کا چہرہ اپنی طرف کر کے بولا

کیا ہے۔ عمیر اس کو دیکھ کر بولا۔

وہی تو میں پوچھ رہا ہوں۔ شاہزین اس کے ساتھ بیٹھ کر بولا۔

مجھے وہ اچھی لگتی ہے۔ عمیر نے آخر اعتراف کر لیا۔

www.novelsclubb.com

بس اچھی ؟ شاہزین نے کنفرم کرنا چاہا

بس میں جو اس کے بارے میں فیل کرنے لگا ہوں پہلے کسی کے لیے نہیں کیا کشف کے لیے بھی نہیں پر دعا کا اس جمیل ساتھ بیٹھنا ہی مجھے آگ لگا گیا تھا۔ عمیر اپنا سر پکڑ کر اپنی کیفیت بتانے لگا۔

محبت کر لی وہ بھی کسی اور سے اور یہ جانتے ہوئے بھی کہ تم کسی اور سے منگنی کر چکے ہو وہ بھی اپنی دوست سے سب سے اچھی دوست۔ شاہزین اس کی بات پہ تیز آواز میں بولا۔

محبت پوچھ کر تو نہیں ہوتی یہ تو دل کی بات ہے جب اس کو کوئی ی پسند آ جائے اور قبضہ کر لے۔ عمیر برا مان کت بولا۔

ہاں پر عمیر تمہارے ایک فیصلے سے اگر تم نے کشف سے منگنی توڑنے کا سوچا نہ تو ہماری بچپن کی دوستی میں ڈرار آ جائے گی کشف کو اپنانے کا فیصلا تمہارا اپنا تھا جس پہ سب خوش تھے اور ساتھ بھی تھے پر چھوڑنے کا سوچو گے تو کوئی ی ساتھ نہیں ہو گا۔ شاہزین نے اس کو حقیقت میں لانا چاہا

www.novelsclubb.com

تم لوگوں کو مجھے سمجھ ناچاہیے۔ عمیر نے احتجاج کیا۔

سمجھ رہے ہیں اس لیے تو کہہ رہاہوں اور کشف ناواقف تواس کو ناواقف ہی رہنے دو۔ شاہزین نے بات ختم کرنی چاہی۔

تم نے خود کہا کہ مجھے اس سے محبت ہے تو یہ بھی بتادو کہ کیاانسان محبت کو ایسے چھوڑ سکتا ہے۔ عمیر اس کے سامنے آکر سوال کرنے لگا۔

محبت کو نہ انسان ختم کر سکتاہے اور نہ چھوڑ سکتاہے اس میں انسان بے بس ہوتاہے پر اس کو اپنے دل کے کسی کونے میں دفن ضرور کر سکتاہے محبت میں اور دوستی میں اب تمھیں کسی ایک کاانتخاب کرنا ہے میں تمھارے دونوں فصلوں میں تمھارا ساتھ دوگا کیوں کی دوستی میں مرتے دم تک کا ساتھ دیناچاہیے عمارہ اور فواد کا میں کچھ نہیں کہہ سکتااور کشف تو پھر تمھارا چہرہ دیکھنا بھی پسند نہ کرے۔ شاہزین اس کے کندھے پہ ہاتھ رکھتا بولا۔

میری قسمت میں محبت پانا کیوں نہیں؟ عمیر نے دکھ سے اس سے پوچھا

www.novelsclubb.com

ایسا نہ کہو عمیر ہم سب تم سے بہت پیار کرتے ہیں اور میں بھی اس لیے میں نہیں چاہتا کہ تم بعد میں پچھتاؤ۔شاہزین اس کی بات پہ فورن سے بولا۔

میں کشف سے کہوں گا کہ ایگزیمز سے پہلے شادی کر لیتے ہیں کیا پتا تب میرے فیصلا کرنا مشکل نہ ہو۔عمیر اپنے آپ پر ضبط کرتا بولا

ضرور۔شاہزین مسکرا کر بولا۔

میں اب سونا چاہوں گا۔عمیر نے اس کو دیکھ کر کہا

ہاں میں بھی بس اپنے گھر جانے والا تھا۔شاہزین بولا۔

کمرے میں آکر عمیر بیڈ پہ گرنے والے انداز لیٹ گیا۔

اور اپنے ہاتھوں کی لکیروں کو دیکھنے لگا

www.novelsclubb.com

اگر اپنی قسمت لکھنے کا اختیار ہو مجھے

تو میں اپنے نام کیساتھ ہر بار تجھے لکھوں۔

دعا آج یونی نہیں گئی تھی کل کی بات پہ وہ اب تک پریشان تھی اس نے بانو بیگم کو کچھ نہیں بتایا تھا ان کے پوچھنے پر بس یہی کہا کہ آج طبیعت ٹھیک نہیں جس پہ انہوں نے آرام کرنے کا کہا تھا وہ باہر گارڈن میں بیٹھی عمیر کے بارے میں سوچ رہی تھی کہ اس کو اتنا غصہ کیوں آیا تھا اور اس نے اتنی سی بات پہ جمیل پہ دو بار مکہ دے مارا اگر بات ایڈمن تک پہنچ جاتی تو کتنا مسلا ہو جاتا اور اس کے کردار پہ بات بن جاتی۔

کیا سوچ رہی ہیں؟ بانو بیگم اس کے ساتھ والی کرسی پہ بیٹھ کر پوچھنے لگی۔

کچھ خاص نہیں نانو بس اندر اچھا نہیں لگ رہا تو سوچا یہاں آ جاؤ۔ دعا اپنے دماغ سے ساری سوچ جھٹکتی ان کی طرف متوجہ ہوئی۔

طبیعت زیادہ خراب ہے تو ڈاکٹر کو دیکھاتی۔ بانو بیگم فکر مند ہو کر بولی۔

نہیں ایسی بھی خراب نہیں۔دعا ہنس کر بولی۔

پکی بات ہے نہ۔انہوں نے جانچ نے والے انداز میں پوچھا

بلکل پکی بات۔دعا نے سر ہلا کر بتایا تو وہ مطمئن ہوئی ی

نانو میں کبھی کبھی سوچتی ہوں کہ میرے ایسے گھر سے نکلنے پہ چچا نے مجھے ڈھونڈ نے کی کوشش کی ہو گی ان کو احساس ہوا ہو گا کے وہ کتنا غلط کر رہے تھے۔دعا نے کچھ دیر بعد کہا

پورانی باتوں کو یاد کرنے کا فائی دہ نہیں اس لیے ماضی سمجھ کر بھول جاؤ۔بانو بیگم نے سانس خارج کرتے کہا

نانو ماضی اچھا ہو یا برا یاد ہمیشہ رہتا ہے اور میرا تو سیاح تھا۔دعا طنزیہ مسکراہٹ سے بولی۔

مایوسی والی باتیں نہیں کرتے اور تمہیں تو اللہ کا شکرادا کرنا چاہیے کہ تمہیں محفوظ رکھا۔بانو بیگم نے ڈپٹا

شکرادا تو میں بہت کرتی ہوں۔دعا نے جلدی سے بتایا۔

www.novelsclubb.com

تم نے ساتھ نہیں جانا کیا؟ فواد نے عمیر سے پوچھا

نہیں تم لوگ شاپنگ پہ جارہے ہو نہ تو میرے لیے کچھ لے لینا مجھے کچھ کام تھا۔ عمیر نے جواب دیا

کیسا کام؟ شاہزین نے سوال کیا۔

ہے کوئی ی۔ عمیر نے ٹالا

کشف کی یاد آرہی ہو گی اتنے دنوں سے جو نہیں۔ عمارہ نے اپنا چشمہ ٹھیک کرتے اس کو چھیڑا

www.novelsclubb.com

اب ایسی بات بھی نہیں۔ عمیر نے اس کو گھور کر دیکھا۔

ویسے پیاری عمارہ تم نے کتابوں کی بات کرتے وقت بہت پیاری لگتی ہو اور باتیں تم پہ سوٹ نہیں۔ فواد نے عمارہ کو چڑایا

تم تو چپ رہا کرو۔ عمارہ نے منہ بنا کر کہا۔

اب انسان سچ بھی نہ بولے۔ فواد نے دھائی ی دی۔

ان باتوں کو چھوڑو یہ بات کرو کہ کشف کو کیسے بھی کر کے کہیں ملنے پہ بولاؤ وہ تو اپنے کزن کو پاکستان گھمانے کے چکر میں ہمیں بھول گ ئی ہے۔ شاہزین ان کو لڑائی کرنے کی تیاری میں دیکھتا بات بدل کر بولا۔

کیوں خیریت تمہیں کیوں اس سے ملنے کی جلدی ہو رہی ہے؟ فواد نے تجسس سے پوچھا

عمیر نے اس سے کوئی ی بہت ضروری بات کرنی ہے اس لیے۔ شاہزین اس کی بات پہ دانت پیس کر بولا

کونسی بات؟ عمارہ نے عمیر کو دیکھ کر پوچھا

www.novelsclubb.com

کرو گا تو پتا لگ جائے گا تمہیں تم لوگوں کے سامنے ہی کروں گا۔ عمیر مصنوعی مسکراہٹ سے بولا۔

اچھا صحیح پھر ہم چلتے ہیں۔ فواد اس کی بات پہ بولا

ہمم۔ عمیر نے بس اتنا کہا۔

آپ؟ دعا دروازے پہ عمیر کو دیکھتی حیرت سے بولی

پہلی دفعہ تو نہیں آیا جو اتنا حیران ہو رہی ہو۔ عمیر اندر داخل ہوتے ہوئے بولا۔

نہیں وہ ایسے ہی بس۔ دعا شرمندہ ہوئی ی۔

نانو کہاں ہیں؟ عمیر لائی ونج میں آکر اس سے پوچھا

پڑوس میں کسی جاننے والوں کی طرف ہے۔ دعا نے بتایا

صحیح۔ عمیر نے سر ہلایا۔

www.novelsclubb.com

میں آپ کے چائے لاتی ہوں۔ دعا کہہ کر جانے لگی۔

سنو۔ عمیر نے پیچھے سے آواز لگائی ی

جی۔ دعا نے فورن سے جواب دیا

چائے میں نمک ضرور ڈالنا۔ عمیر نے اس کو دیکھ کر کہا

اس دن غلطی سے ہو گیا تھا ورنہ نہیں کرتی میں ایسا کجھ۔ دعا نے سر جھکا کر بتایا اس کو لگا شاید وہ اس کا مزاق اڑا رہا ہے

پر میں خود کہہ رہا ہوں کہ ایسا کرو۔ عمیر سنجیدگی سے بولا

جی۔ دعا نے حیرت سے اس کو دیکھ کر بولی

جی۔ عمیر نے بھی اس کے انداز میں کہا

چائے میں نمک ڈال کر کون پیتا ہے؟ دعا نے اس کو عقل دلانے کی کوشش کی

میں پیتا ہوں اب اور کوئی ی بات نہیں۔ عمیر نے کہا اور اس کو جانے کا اشارہ کیا تو وہ سر ہلاتی چلی گ ئی نمک والی چائے بنانے۔

www.novelsclubb.com

یہ لیں۔ دعا نے کپ اس کی طرف بڑھایا

شکریہ۔ عمیر نے کپ پکڑ کہا۔

آپ نے کبھی بتایا نہیں کہ آپ کی منگنی ہوئی ہے کشف سے؟ دعا نے اپنے لہجے کو سرسری کر پوچھا

تم نے پوچھا ہی نہیں کبھی۔ عمیر کڑوی چائے کا گھونٹ بھر کو بولا

ہاں بھی ہے اتنی بات بھی نہیں ہوتی ہماری۔ دعا نے سمجھنے والے انداز میں کہا۔

ایک بات بتاؤ ؟ عمیر نے اس سے کہا

جی پوچھیں۔ دعا نے کپ ٹیبل پر رکھتے کہا

اگر کبھی زندگی میں ایسا کوئی ی مرحلہ آئے کے آپ کو دوستی اور محبت سے کسی ایک کو چننا پڑے تو وہ کیا کرے؟ عمیر نے سوال کیا۔

انسان کو چاہیے کہ وہ دونوں کو اپنے ساتھ رکھے۔ دعا نے کندھے اچکا کر کہا

وہ بھی یہی چاہے پر اس کے بس میں نہ ہو تو۔ عمیر نے بے چینی سے پوچھا

میں کیا کہوں انسان کی زندگی میں یہ دونوں چیزیں ضروری ہے محبت بھی ایک خوبصورت احساس ہے جو انسان کو اپنے پاس چاہیے ہوتا ہے اور دوستی بھی سانس کی طرح ضروری

ہے زندگی میں سچا اور مخلص دوست ہر کسی کو چاہیے ہوتا ہے۔پر اگر زندگی میں اگر دونوں میں سے ایک کو چننا ہو تو آپ دوستی کو چنے اگر محبت آپ کی قسمت میں ہوئی ی تو ضرور ملے گی پر اگر انسان اچھا اور مخلص دوست گنوا دے گا تو وہ اتنی آسانی سے نہیں ملے گا۔دعا نے اس کی بات پہ کہا

شاید تم صحیح ہو۔عمیر اس کی بات پہ کہا

آپ پریشان لگ رہے ہیں۔دعا نے عمیر کے چہرے کو دیکھ کر سول کیا

مجھے محبت ہو گئی ہے کسی اور لڑکی سے اور میں اس مرحلے میں ہوں کہ نہ اس کو چھوڑ سکتا ہوں اور نہ پا سکتا ہوں۔میرے لیے وہ چاند کی طرح ہے جس کی میں بس تمنا کر سکتا ہوں پا نہیں سکتا کیوں کی وہ سورج ہے جس کو میں دور سے بھی نہیں دے سکتا زیادہ اپنے پاس رکھ بھی نہیں سکتا۔عمیر کھوئے لہجے میں کہا۔محبت کے نام پہ دعا کا دل زور سے دھڑکا

آپ نے اس سے اظہار کیا؟دعا نے عام لہجے میں پوچھا

نہیں کیوں کی میں نے دوستی کو چن لیا ہے۔ عمیر کہتے ہی وہاں سے اٹھ گیا شک تھا کہ کہیں وہ اظہار محبت ہی نہ کر دیتا۔ جب کی دعا یہ سوچتی رہی کہ کس سے محبت ہے عمیر کو۔

زین آج تم جواب ہی دو میں آخر کتنا وقت مانگوں بھابھی سے۔ نصرت بیگم نے شاہزین سے کہا

انکار کر دے امی مجھے کسی اور سے شادی کرنی ہے۔ شاہزین آرام سے بولا

یہ کیا بات ہوئی زین۔ نصرت بیگم پریشانی سے بولی

میں نے آپ کو پہلے ہی بتا دیا تھا۔ شاہزین ان کو یاد کرواتے بولا

www.novelsclubb.com

پر بھابھی کو کتنا برا لگے گا اگر اتنے انتظار کے بعد میں ان کو منع کروں گی تو۔ نصرت بیگم خفگی سے اس کو دیکھ کر بولی۔

میں کیا کہہ سکتا ہوں مجھے نیند آرہی ہے تو میں گیا اپنے کمرے میں۔شاہزین کہتے ہی سیڑھیوں کی جانب ڈور لگا گیا۔

اللہ یہ اولاد کتنا شرمندہ کراتی ہے اپنے والدین کو۔نصرت بیگم بڑبڑاتی کچن میں چلی گ ئی۔

تم اتنی سنجیدہ کیوں لگ رہی ہو سب خیر ہے نہ؟عمارہ نے کشف کو دیکھ کر کہا جس نے آج خود ہی ان سب کو ریسٹورنٹ بولایا تھا اور جب سے آئی ی تھی چپ تھی۔

ہاں بس عمیر آئے پھر بات کرتے ہیں۔کشف نے کہا

کیا بات ہے ابھی تک کچھ آرڈر نہیں کیا؟عمیر بھی ان کے پاس آکر بیٹھتے بولا۔

یہ فرائی ز کھالو۔عمارہ نے ایک باؤل اس کی طرف کیا

ویسے ہم بھی تمہیں بولانے والے تھے عمیر کو کچھ کہنا تھا تم سے۔شاہزین کشف کو دیکھ کر بولا

پر پہلے میں بات کرنا چاہتی ہوں۔کشف نے ان چاروں کی طرف دیکھ کر کہا

ہاں کرو اسٹار پلس ڈراموں کی طرح سسپینس کیوں کیا ہوا ہے۔فواد اس کو دیکھ کر بولا۔

بات کچھ ایسی ہی ہے اس لیے میں اتنا سوچ رہی ہو۔تم لوگ کو نہیں جانتے میں تم چاروں سے بہت پیار کرتی ہوں

نہیں ہم جانتے ہے یہ بات۔فواد اتنے سنجیدہ ماحول میں چپ نہ رہ سکا

فواد فلحال خاموش رہو۔عمیر نے اس کو دیکھ کر کہا

عمیر میں بہت شرمندہ ہوں تم سے پر میں یہ منگنی ختم کرنا چاہتی ہوں۔کشف نے سر جھکا کر کہا۔جس پہ سب کو بہت حیرت ہوئی ی عمارہ کا فرائی زوالا ہاتھ منہ کو جاتا رک گیا

شاہزین کی تو آنکھیں حیرت سے کھلی کی کھلی رہ گئی۔

کیا مطلب۔عمیر کو لگا اس کو سننے میں کچھ غلطی ہوئی ی ہے۔

میرا تمہیں پرپوز کرنا کا فیصلا جذباتی تھا۔اس بات کا احساس مجھے اب ہوا ہے۔کشف نے اب اس کو دیکھ کر کہا۔

یہ کیا مزاق ہے جب چاہا منگنی کا کہہ دیا اور جب چاہا اس کو ختم کر ڈالا۔فواد غصے سے بولا

فواد آرام سے ان کو ان کا معاملہ سلجھانے دو۔شاہزین نے اس کو ٹھنڈا کرنا چاہا

یہ بس ان دونوں کا نہیں ہم سب کا معاملہ ہے زین اور کیا یہ بات بھول گ ئی ہے کے ایسے کرنے سے ہمارا بچپن کا ساتھ ختم ہو سکتا ہے ہم نے واعدہ کیا تھا کہ کچھ بھی ہو جائے ایک دوسرے کا ساتھ نہیں چھوڑے گے اور نہ دھوکہ دے گے پھر یہ اتنی بڑی بات کیسے کر سکتی ہے۔فواد جذباتی ہو کر بولا جب کی عمیر کو اپنی خوشی کو سنبھالنا مشکل لگ رہا تھا اگر وہ شاہزین اور دعا کی بات نہ مانتا تو شاید یہ سوال اس سے کیا جاتا اور شاید تب ہاتھوں کا استعمال بھی زیادہ ہوتا۔

www.novelsclubb.com

تمہیں یہ کہتے ہوئے ایک دفعہ سوچنا چاہیے تھا شف ہماری دوستی نہ تو اتنی کمزور اور نہ ہی ایسی کہ ہم ایک دوسرے کو چھوڑ کر خوش رہے۔عمارہ نے بھی کشف سے شکوہ کیا۔

میں جانتی ہوں اس لیے تو کہنے آئی ی تھی کہ تم لوگ میری بات سمجھو اور یہ دوستی ہماری پہلے جیسی ہی رہے۔ کشف نے منت بھرے لہجے میں کہا

تمہیں لگتا ہے پھر سب ایسے ہوگا۔ فواد طنزیہ بولا

اگر کشف کو احساس ہو گیا ہے کہ میرے ساتھ زندگی گزارنے کا فیصلا جذباتی تھا تو ہمیں اس کا ساتھ دینا چاہیے جیسے ہمیشہ سے دیتے آئے ہیں شادی ایک عمر بھر کا ساتھ ہے تو ضروری یہی ہے کہ من پسند ہو زبردستی سے جوڑا رشتہ بوجھ کے سوا کچھ نہیں لگتا۔ اس سے پہلے وہ سب کشف کو راضی کر دیتے عمیر بول پڑا۔

عمیر امید ہے تم دکھی نہیں ہو گے۔ کشف نے مسکرا کر عمیر کی طرف دیکھ کر پوچھا

نہیں اور تم پریشان مت ہونا ہماری دوستی پہلے جیسی ہی ہو گی۔ عمیر نے بھی جواباً مسکرا کر کہا

یہ تو بتاؤ کہ اچانک تمہیں منگنی ختم کرنے کا خیال کیوں آیا۔ شاہزین جو اب تک خاموش تھا پوچھ بیٹھا

www.novelsclubb.com

دانیال میرا کزن جو آمریکا سے آیا ہے اس سے مل کر مجھے لگا کیوں کی جو میں اس کے لیے محسوس کیا کبھی عمیر کے لیے نہیں کیا کیوں کی عمیر مجھے بس دوست کی طرح ہی ہوتا تھا اور اس نے بھی دوستی سے ہٹ کر مجھے کچھ نہیں سمجھا منگنی کے بعد بھی اس کے رویے میں کوئی ی بدلاؤ نہیں آیا جیسے ایک منگیتر بات کرتا ہے میں مانتی ہوں میں عام لڑکیوں کی طرح نہیں اور نہ ان کی طرح شرمیلی قسم کی ہوں پر ان کی طرح میں بھی یہ چاہتی ہوں کے میرا پارٹنر میری تعریف کرے مجھے اپنی محبت کا احساس دلائے جو عمیر نے تو نہیں دانیال نے کروایا اس لیے۔ کشف نے سر جھکا کسی مجرم کی طرح سب بتاتی گ ئی۔

تو کیا وہ تمہاری تعریف میں غزلیں لکھتا ہیں؟ فواد نے بہت سنجیدگی سے غیر سنجیدہ سوال کیا۔

نہیں میں نے ایسا بھی تو نہیں کہا۔ کشف اس کی بات پہ ہڑبڑا کر بولی۔

ہاہاہا۔ کشف زندگی میں نے تمہارا یہ روپ پہلی دفعہ دیکھا ہے تم اور اتنی کنفیوز کب سے ہونے لگی۔ عمارہ اس کی اڑی رنگت دیکھ کر ہنس کر بولی تو وہ چاروں بھی مسکرا دی ئے۔

زہن اب تم ان سے سبق لوں ایسا نہ ہو کچھ ٹائم بعد عمارہ بھی یہ کہہ کر تم سے شادی سے انکار کر دے۔ فواد نے شاہزین کو دیکھ کر کہا جو عمارہ کو دیکھ رہا تھا۔

شاہزین اور عمارہ یہ کب ہوا؟ کشف حیرت سے بولی

بہت پہلے پر آپ بہت مصروف تھی۔ فواد نے جواب دیا

مبارک ہو تم دونوں کو۔ کشف نے مسکرا کر کہا

ابھی بس بات ہوئی ہے فنکشن وغیرہ نہیں۔ شاہزین نے بتایا

بات بھی تو ہوئی ہے نہ۔ کشف نے گھور کر کہا تو اس نے سر کو خم دیتے مبارکباد قبول کی۔

www.novelsclubb.com

اس میں بھی آپ لوگوں کی بھلائی ہی ہو گی اور اچھا ہے آپ دونوں کو وقت پر احساس ہو ا
۔بانو بیگم نے عمیر کے سر پہ ہاتھ پھیر کر کہا عمیر اس وقت ان کے کمرے میں ان کی گود
میں سر رکھ کر لیٹا ہوا تھا اور ان کو ساری بات بتا دی تو بانو بیگم نے تسلی دی۔

نانو اچھا ہے اس نے انکار کر دیا ورنہ مجھے انکار کرنے میں شرمندگی ہو رہی تھی اس لیے
میں شادی کی بات کرنا چاہتا تھا۔ عمیر نے آنکھیں بند کرتے بتایا

تم کیوں انکار کرتے؟ بانو بیگم نے پوچھا

مجھے آپ کی نئی نواسی سے محبت ہو گئی ہے۔ عمیر ان کے ساڑی کا پلو منہ میں ڈالتا
شرما کر بولا

اٹھو ذرا۔ بانو بیگم نے سنجیدگی سے کہا تو وہ فورن سے اٹھ بیٹھا۔

www.novelsclubb.com

کیا ہوا نانو آپ کو اعتراض ہے کوئی۔ عمیر نے کچھ ڈر کر پوچھا

کب سے یہ بات ہے تمہارے دماغ میں؟ بانو بیگم نے اس کا کان پکڑ کر پوچھا

دماغ میں کہادل میں اور پتا نہیں کب سے ہے کنفرم نہیں ہے۔ عمیر نے شرارت سے کہا۔

بد معاش ہو بہت۔ بانو بیگم نے اس کا کان چھوڑ کر کہا

بس کبھی غرور نہیں کیا۔ عمیر اپنے بالوں میں ہاتھ ڈال کر ادا سے بولا

دعا جانتی ہے یہ بات؟ بانو بیگم نے پوچھا

میں نے اس سے بات نہیں۔ عمیر نے بتایا۔

کب کرو گے؟ بانو بیگم نے پوچھا

ابھی۔ عمیر کہتے ہی بیڈ سے اٹھ کھڑا ہوا۔

اتنے جلد باز ہو تم۔ بانو بیگم نے سر نفعی میں ہلا کر کہا

بس کیا کروں۔ عمیر کہتے ہی ان کے کمرے سے نکل گیا۔

تم یہاں ہو اور میں نے تمہیں کہاں کہاں نہیں ڈھونڈا۔ عمیر اس کے پاس گارڈن میں آ کر بولا۔

بتائیں پھر کہاں کہاں نہیں ڈھونڈا؟ دعا نے اس کی طرف دیکھ کر پوچھا۔

یہی تو بات ہے کہاں کہاں نہیں بلکی ہر جگہ تلاش کیا تمہیں۔ عمیر اس کی جانب تھوڑا جھک کر بولا تو وہ گھبرا کر کچھ دور ہوئی ی

آپ کو کوئی ی کام تھا جو مجھے تلاش کر رہے تھے؟ دعا نے پوچھا

کام کے علاوہ تلاش کرنے کا حق چاہتا ہوں

میری سادگی دیکھو میں کیا چاہتا ہوں

عمیر شعر کی بدعائی یں لے کر اب مسکرا کر دعا کو دیکھ رہا تھا جو ہونک بنی اس کو دیکھ رہی تھی اس کو آج عمیر کے انداز ہی الگ لگ رہے تھے اپنے دل کی آواز سے گھبرا کر وہ اٹھ کر پوچھنے لگی۔

یہ آپ آج کیسی باتیں کر رہے ہیں؟

میں چاہتا ہوں میں ساری زندگی تمہارے ہاتھ کی بنی نمک والی چائے پیو۔ عمیر دلکش انداز میں بولا

مطلب ؟دعا سمجھ کر بھی انجان بنی

اتنی نا سمجھ تو نہیں۔ عمیر آرام سے بیٹھ کر اس سے بولا

میں یہ بات سمجھنا نہیں چاہتی اور آپ کو سمجھانی چاہئی یے بھی نہیں کشف کو دھوکہ دینا ہوا یہ۔دعا نے سنجیدگی سے کہا

ہمارا رشتہ ختم ہو چکا ہے بس دوستی کا ہے۔ عمیر بھی اب سنجیدگی سے بولا۔

میں اب کی سچ میں آپ کی بات نہیں سمجھی۔دعا نے نا سمجھی سے کہا

میں نے تم سے کہا تھا ناں کہ کبھی دوستی اور محبت سے کسی ایک کو چننا پڑے تو کس کو چننا چاہیے تو تم نے دوستی کا کہا تھا اور میں ایسا ہی کرتا پر شاید اللہ کو میری دوستی اور محبت دونوں پسند آئے تھے اس لیے دونوں دے دی ئی ے کشف کو اپنے کزن میں دلچسپی ہونے لگی تو

اس نے منگنی ختم کر دی اور اب میں اپنے چاند کو پانے کی کوشش کر سکتا ہوں وہ اب میرے لیے چاند ہے۔ عمیر گھمبیر لہجے میں بولا

م مط مطلب ؟ دعا نے نا سمجھنے کی حد ہی کر دی۔

مطلب میرا سر حد ہے دعا اتنا صاف شفاف اظہار محبت کر رہا ہوں اور اس کے بعد تم مطلب پوچھ رہی ہو۔ عمیر کا دل کیا اپنا سر پیٹ لے اس لیے تپ کر بولا

اظہارِ محبت بھی کوئی ایسے کرتا ہے؟ دعا پہلے تو عمیر کی بات پہ گلنار ہوئی پھر سنبھل کر بولی

جی اگر محبوبہ تمہارے جیسی کم عقل ہو نہ تو ایسے ہی کرتے ہیں۔ عمیر کندھے اچکا کر بولا۔

سوچ سمجھ کر بات کریں میں انکار بھی کر سکتی ہوں۔ دعا نے اپنی طرف سے دھمکی دی

www.novelsclubb.com

میں نے تم سے جواب مانگا کیا؟ عمیر ٹھوڑی پہ انگلی رکھ کر یاد کرنے کی کوشش کرتا بولا

کیا مطلب آپ مجھ سے میری مرضی نہیں پوچھیں گے۔ دعا نے حیرانکن لہجے میں پوچھا

نہیں کیوں کی تم راضی ہو۔ عمیر نے آرام سے بتایا

میں نے تو نہیں کہا ایسا کچھ۔دعا نے سرخ چہرہ لیے کہا

تو کیا تمہیں میں نہیں پسند؟عمیر مصنوعی سنجیدگی سے بولا

میں نے ایسا بھی تو نہیں کہا۔دعا نے اپنے سر پہ ہاتھ مار کر کہا

مطلب راضی ہو۔عمیر دانتوں کی نمائش کرتا بولا

ہاں راضی ہوں میں مجھے بھی محبت ہے آپ سے اور اس دن اور زیادہ ہوئی جب آپ کو اپنے ہاتھ کی نمک والی چائے شوق سے پیتے دیکھی پر کبھی خود سے کہنے سے بھی ڈرتی تھی کہ کہیں آپ یا نانو غلط نہ سمجھ لیں۔دعا نے بنا سانس لیے اقرار کیا جب کی عمیر اس کے ایک ایک لفظ پہ اپنے اندر سکون اترتا محسوس کیا۔

تمہیں تو مجھ سے بھی زیادہ ہے۔عمیر ہنسی روکے بولا۔

www.novelsclubb.com

بہت برے ہیں آپ۔دعا اس کی چلاکی سمجھ کر منہ بنا کر بولی پھر اس کو دھکا دے کر اندر کی طرف بڑھ گئی۔

جب کی عمیر بھی مسکراتا وہی کرسی پہ بیٹھ گیا اور آسمان کی طرف مشکور نظروں سے دیکھا آج زندگی میں جیسے عمیر کو وہ محبت مل گ ئی تھی ماں باپ کی نہ سہی پر زندگی خوبصورت بنانے کے لیے اللہ نے اس کی زندگی میں دعا کو ضرور بھیجا تھا اب اس کے دل میں کوئی ی تمنا کوئی ی چاہ نہیں تھی جس دوستی کے لیے وہ اپنی محبت کو چھوڑ رہا تھا یہ جانتے ہ وئے بھی کہ اس کے بنا بھی جینا ممکن نہیں پر اس نے اللہ پہ توکل کر کے چھوڑ دینے کا سوچا پر اللہ نے اس کو دوستی بھی دی اور محبت بھی اور آج وہ مطمئن تھا۔اس کو پتا تھا اب زندگی حسین ہو گی اور وہ کبھی اپنے باپ کی طرح نہیں بنے گا اور نہ دعا کو اپنی ماں جیسا بننے دے گا وہ مستقبل میں اپنی اولاد کے لیے وہ سب کریگا جو اس نے اپنے ماں باپ سے چاہا تھا عمیر نے سب کجھ سوچتے مسکرا کر اپنی آنکھوں کو بند کیا۔

ختم شد